سوال

(71) شعبان میں قضا روزے رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سال گزشتہ رمضان کے چھ روزے چھوٹ گئے تھے۔ میں نے اب جاکر شعبان کے آخری عشرہ میں قضا روزے رکھنے شروع کیے ہیں۔ ابھی دو تین روزے ہی رکھتے تھے کہ لوگوں نے یہ کہنا شروع کردیا کہ شعبان کے مہینے میں قضا روزے رکھنے جائز نہیں۔ کیا یہ بات صحیح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قضا روزے کسی بھی مہینے میں رکھے جا سکتے ہیں اس میں شعبان اور شوال کی کوئی قید نہیں ہے۔ روایتوں میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بسا اوقات بعض قضا روزے شعبان کے مہینے میں رکھتی تھیں۔ اس لیے آپ نے جو قضا روزے شعبان میں رکھے ہیں ان شاء اللہ وہ اللہ کے یہاں مقبول ہوں گے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی یوسف القرضاوی

روزہ اور صدقہ الفطر، جلد:1، صفحہ:182

محدث فتویٰ